رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

جناب ملک محمد نواز صاحب نے رشوت کے عنوان پر ایک خوبصورت کتاب کا تحفہ بھیجا ہے، یہ کتاب دراصل عربی میں شیخ عبداللہ عبدالمحسن الترکی کے تحقیقی مقالہ کا اردو ترجمہ ہے جو مولانا نصیر احمد ملی نے کیا ہے۔تین سو صفحات کی یہ کتاب (رشوت شریعت اسلامیہ میں ایک عظیم جرم) مکتبہ البخاری کراچی نے شائع کی ہے جو گلستان کالونی صابری پارک لیاری ٹاؤن کراچی میں واقع ہے، ملک نواز صاحب نے مسئلہ تملیک زکوۃ کے نام سے مولانا عتیق احمد قاسمی کی ایک کتاب بھی عنایت کی ہے جو مجلس تحقیقات شرعیہ برطانیہ کی شائع کردہ ہے۔علاوہ ازیں انہوں نے مغربی تہذیب کے حوالہ سے آئین کا خصوصی شمارہ بھی ارسال کیا ہے۔

خاکسار تحریک کے قائد علامہ عنایت اللہ المشرقی کے صاحب زادے جناب حمید الدین المشرقی نے علامہ کا خطاب مصر ارسال کیا ہے جو جامعہ ازہر مصر کی دعوت پر موتمر خلافت، قاہرہ ۱۹۲۶ میں علامہ مشرقی نے عربی میں دیا تھا، اب یہ خطاب التذکر پبلی کیشنز المشرقی ہاؤس ۳۴، ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور سے حاصل کیا جاسکتا ہے خطاب مصر ایک تاریخی دستاویز ہے جس کی جانب ہماری رہنمائی جناب حافظ محمودالحسن نائب قائد خاکسار تحریک نے کی تھی۔ جناب علامہ حافظ محمودالحسن صاحب نہایت فاضل بزرگ ہیں ان دنوں عزلت نشین ہیں قرآنی علوم پر آپ کی گرفت خاصی مضبوط ہے مگر علالت کے باعث درس وتدریس اور وعظ وتذکیر کا سلسلہ موقوف ہے۔لکھنے لکھانے میں ضعفِ پیرانہ سالی حارج ہے، کاش کوئی ادارہ ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہمیں اندیشہ ہے کہ یہ علوم کا خزینہ اپنے ساتھ لیکر ہی رخصت نہ ہوجائیں۔(اللہ تبارک وتعالی درازی عمر مع صحت وعافیت نصیب فرمائے۔آمین)

پیر سید محمد عارف شاہ صاحب ترمذی نے تفسیر رقیہ کا پہلا پارہ مرحمت کیا ہے۔یہ تفسیر خواتین کے لئے آسان اور عام فہم ہے۔اور تقریبا ہر اچھے بک اسٹال پر دستیاب ہے۔ترتیب وتدوین کا نیا انداز اور دیدہ زیب طباعت قاری کو متوجہ کرتی ہے۔

اللہ رب العزت مرسلین کو ان عمدہ واعلی تحفوں کے ارسال وعطا فرمانے پر اجر جزیل عطا فرمائے۔(آمین)